سبق - ١٦

# آؤ دعا مانگیں



آؤ مِل کر ہاتھ اُٹھائیں — مانگیں اپنے رب سے دُعائیں
مَولا ، ہم کو نیک بنا دے — عِلم و ہُنر تو ہم کو سِکھا دے
امّی ، ابّو ، بہن اور بھائی — ہم نے محبّت ان سے پائی
اپنوں سے ہم کریں محبّت — یہی ہے دَولت ، اِسی میں بَرکت
پڑھنے لکھنے میں ہوں آگے — سوئے تھے پر اب ہیں جاگے
اچّھے سچّے نیک بنیں ہم — سارے مِل کر ایک بنیں ہم

مَولا ، تیری شان نِرالی
دُعا ہماری جائے نہ خالی

(صادقہ نواب سحؔر)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رب | – | Lord, God | ہنر | – | Craft |
| دعا خالی نہ جانا | – | Prayer heared | مَولا | – | Lord, God |

## مشق



**(الف) ایک جملے میں جواب لکھیے :**

۱۔ بچّے رب سے کیا دعا مانگ رہے ہیں؟

۲۔ ہم نے کن لوگوں سے محبّت پائی ہے؟

۳۔ بچّے کیسا بننا چاہتے ہیں؟

**(ب) طاقت، عادت جیسے تین الفاظ اس نظم سے تلاش کیجیے۔**